سوال

(135) حالتِ روزہ میں حقنہ لگوانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روزہ دار کےلیے بوقت ضرورت پائخانہ کے راستہ سے حقنہ لگوانا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مریض اگر ضرورت مند ہے تو علماء کے صحیح ترین قول کے مطابق مذکورہ حقنہ لگوانے میں کوئی حرج نہیں، شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمة اللہ علیہ نیز دیگر بہت سے اہل علم کا یہی مسلک ہے، کیونکہ حقنہ لگوانا کھانے پینے سے مشابہت نہیں رکھتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 215

محدث فتویٰ